© rasailojaraid.com

کام کے تقاضے

کام نہیں ہے ـــــ کام ہے ـــــ کام ہو گیا؟ ـــــ
کام ہو گا؟ ـــــ کام تھا ـــــ کام نکل گیا ـــــ
کام دیا ہے ـــــ کام لیا ہے ـــــ کام کیا ہے ـــــ
زندگی انھی سوالات سے عبارت ہے

کام کے کچھ اصول ہیں:

- کام سے کام نکلتا ہے
- کام کو کام سمجھنا ہوتا ہے
- کام پر سوچنا کام کے لیے ضروری ہے
- کام کریں تو کام سمجھ میں آ سکتا ہے
- کام کر گزریں تو معلوم ہوتا ہے کہ کیا ہو سکتا ہے
- کام کو کام ہی سدھارتا ہے
- کام سے نظر ہٹ جائے تو کام رک جاتا ہے
- کام کروانا کام کرنے سے زیادہ مشکل ہے
- کام چھوڑنا' پھر کرنا' پھر چھوڑنا کام کو تباہ کرتا ہے
- کام کرنے والا ہی جواب دیتا ہے' حل تلاش کرتا ہے
- کام نہ کرنے والے کے لیے سوال کرنا کام ہوتا ہے
- کام ہو جانا کامیابی کہلاتا ہے
- کامیابی کا نتیجہ مزید کام کی صورت میں نکلتا ہے
- کام نہ ہونا ناکامی کہلاتا ہے
- ایک کامیابی کے پیچھے سو ناکامیاں دیکھنا ہوتی ہیں

سنابل العلم
© rasailojaraid.com